
گیلپ & گیلانی پاکستان رائے عامہ سروے 21 اکتوبر 2025

## زیادہ تر پاکستانی 70% حالیہ سیلاب سے ہونے والی تباہی کو" قدرتی وجوہات" کا نتیجہ سمجھتے ہیں، جبکہ ہر 4 میں سے 1 پاکستانی (26%) " حکومت " کو اس کا ذمہ دار قرار دیتے ہیں۔

اس تباہی کی ذمہ داری انتظامیہ پر عائد کرنے کی شرح دیہی علاقوں (21%) کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والے افراد (35%) میں زیادہ پائی گئی۔






**حالیہ سیلاب سے ملک بھر میں جو تباہی ہوئی ہیں، آپ کے خیال میں اُن کا ذمہ دار کون ہے ؟**

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## متفرق/دیگر مسائل

قدرتی آفات/سیلاب

## پاکستانیوں کی اکثریت (70%) حالیہ سیلاب سے ہونے والی تباہی کو "قدرتی وجوہات" کا نتیجہ سمجھتی ہے، جبکہ ہر 4 میں سے 1 پاکستانی (26%) "حکومت" کو اس کا ذمہ دار قرار دیتے ہیں۔ انتظامیہ کو اس تباہی کا ذمہ دار قرار دینے والوں کی شرح دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (21%) کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والے افراد (35%) میں زیادہ پائی گئی۔

**(گیلپ & گیلانی سروے)**

(اسلام آباد، 21 اکتوبر 2025)


گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی اکثریت (70%) حالیہ سیلاب سے ہونے والی تباہی کو "قدرتی وجوہات" کا نتیجہ سمجھتی ہے، جبکہ ہر 4 میں سے 1 پاکستانی (26%) "حکومت" کو اس کا ذمہ دار قرار دیتے ہیں۔ انتظامیہ کو اس تباہی کا ذمہ دار قرار دینے والوں کی شرح دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (21%) کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والے افراد (35%) میں زیادہ پائی گئی۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"حالیہ سیلاب سے ملک بھر میں جو تباہی ہوئی ہیں، آپ کے خیال میں اُن کا ذمہ دار کون ہے؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، زیادہ تر جوابدہندگان (70%) نے حالیہ سیلاب سے ہونے والی تباہی کو "قدرتی آفات" کا نتیجہ قرار دیا، جبکہ صرف ایک چوتھائی سے کچھ زیادہ جوابدہندگان (26%) نے اس کا ذمہ دار "حکومت" کو ٹھہرایا۔ تاہم، ایک کم شرح (4%) کے مطابق اُنہیں اس حوالے سے "معلوم نہیں"۔

سروے کے نتائج سے ظاہر ہوتا ہے کہ شہری علاقوں میں رہنے والے افراد اداروں کے اقدامات پر زیادہ سوال اٹھاتے ہیں یا انتظامیہ سے زیادہ ذمہ داری کی توقع رکھتے ہیں، جبکہ دیہی آبادی عموماً ایسی آفات کو انسان کے کنٹرول سے باہر سمجھتی ہے۔ اس حوالے سے مختلف نقطۂ نظر پاکستان بھر میں آفات سے نمٹنے کی تیاری اور اقدامات سے متعلق عوامی توقعات اور حکومتی پالیسیوں پر اثر انداز ہو سکتے ہیں۔

**" حالیہ سیلاب سے ملک بھر میں جو تباہی ہوئی ہیں، آپ کے خیال میں اُن کا ذمہ دار کون ہے؟"**


پاکستان بھر سے




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## شہری۔دیہی علاقوں کے اعتبار سے نتائج:

شہری اور دیہی جوابدہندگان کی رائے کا جائزہ لیا جائے تو دونوں میں ایک واضح فرق دیکھنے میں آتا ہے۔ شہری علاقوں کے افراد حکومت کو اس کا زیادہ ذمہ دار ٹھہراتے ہیں، جس میں 35% شرح نے اس حوالے سے رائے کا اظہار کیا، جبکہ دیہی علاقوں میں یہ شرح صرف 21% رہی، یعنی دیہی علاقوں اور شہری علاقوں میں رہنے والوں میں انتظامیہ کو اس کا ذمہ دار قرار دینے والوں کی رائے کے درمیان 14% کا فرق دیکھنے میں آیا۔ دوسری جانب، دیہی جوابدہندگان کی اکثریت (75%) سیلاب سے ہونے والی تباہی کو قدرتی آفات کا نتیجہ قرار دیتی ہے، جبکہ شہری علاقوں میں یہ شرح 63% رہی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 753 خواتین اور مرد حضرات، سے 12 ستمبر تا 23 ستمبر 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3-2%± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 21st October 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:** Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as **Gallup Pakistan** (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by **Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll 2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)